# 37892 ـ شوگرکےمریض کا انسولین کےانجیکشن سے روزہ نہیں ٹوٹتا

**سوال**

میرا بھائي شوگرکا مریض ہے اورروزانہ انسولین کے انجیکشن کا محتاج رہتا ہے ، توکیا انسولین سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے ؟ اورکیا اصل میں اس پرروزہ رکھنا ضروری ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

بطور علاج آپ مذکورہ انجیکشن لے سکتےہیں اس میں کوئي حرج نہیں ، آپ کے ذمہ قضاء نہیں ہوگی ، لیکن اگر یہ انجیکشن رات کولگانے میں کوئي مشقت نہ ہو تو یہ بہتر اورافضل ہے ۔ .